پریس ریلیز

دی بینک آف پنجاب اور اخوت اسلامک مائیکرو فنانس (اے آئی ایم) کے درمیان یادداشت پر دستخط

دی بینک آف پنجاب اور اخوت اسلامک مائیکرو فنانس (اے آئی ایم) کے درمیان وزیر اعظم کامیاب جوان یوتھ انٹرپرینیور شپ سکیم کے تحت اخوت کی جانب سے تجویز کردہ درخواست گزاروں کو فنانسنگ کی سہولت فراہم کرنے کے لئے یادداشت پر دستخط کئے گئے۔

تقریب کا انعقاد دی بینک آف پنجاب کے ہیڈ آفس میں کیا گیا۔ معاہدے پر دی بینک آف پنجاب کے صدر / سی ای او ظفر مسعود اور اخوت مائیکرو فنانس کے بانی اور سی ای او ڈاکٹر محمد امجد ثاقب نے دستخط کئے۔ تقریب میں وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے امور نوجوانان جناب عثمان ڈار، بینک کی جانب سے سینیر عہدہ داران آصف ریاض، گروپ ہیڈ ریٹیل اینڈ پرائرٹی سیکٹر لینڈنگ اور غلام علی کھوکھر، ہیڈ گورنمنٹ انیشیٹو ڈویژن اور اخوت مائیکرو فنانس کی جانب سے شہزاد اکرم، چیف کریڈٹ آفیسر نے شرکت کی۔

اس اشتراک کے نتیجے میں اخوت کے قابل اطمینان ریکارڈ کے حامل چھوٹے کاروباری افراد کو رعایتی نرخوں پر قرضے فراہم کئے جائیں گے جس سے اس کاروباری حضرات کو بینکنگ کے شعبے سے مالی معاونت ملے گی جس سے معیشت کے اس بڑے غیر رسمی حصے کو فائدہ پہنچے گا۔